# توجہ دلاؤ نوٹس

جناب سپیکر

میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک انتہائی اہم اور افسوسناک مسئلے کی جانب مبذول کروانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ڈسٹرکٹ نوشہرہ میں واقع قاضی حسین احمد ایم ٹی آئی ہسپتال اینڈ میڈیکل کالج نوشہرہ میں صحت کے سہولیات کا فقدان ہے۔ غریب مریضوں کو باہر سے دوائی لانے، ٹسٹ اور ایکسرے کروانے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ایمرجنسی میں بھی مریضوں کو انجکشن، دوائی باہر سے خریدنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ معمولی درد کا انجکشن بھی ہسپتال کے میڈیکل سٹور میں دستیاب نہیں ہے۔ کتے، سانپ کے کاٹنے یا دوسری زندگی بچانے والی ضروری ادویات ویکسین تو دور کی بات ہے۔ ڈاکٹرز صرف پرچی پر Rifer to Peshawar یا Rifer to Mardan لکھا جاتا ہے۔ ہسپتال پر قبضہ مافیا بیٹھا ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے ہستال دن بدن بھوت بنگلہ بنتا جارہا ہے۔ بیشتر مریض ضلع مردان یا پشاور منتقل ہوتے ہوئے راستے میں ہی دم توڑ جاتے ہے۔

زرعالم خان

MPA PK-85 نوشہرہ

CALL ATTENTION NOTICE
Session No. 9th
Notice No. 600
Received Time: 12:30
Received Date 15/9/2025
From Mr. / Ms. ............ MPA
Receiver Sign: